## اُونٹ کے پُتلے سے متعلق ہدایات

ویکیشن بائبل سکول (VBS) کی طرف سے منعقد ہونے والے اونٹوں کی مہم جوئی پروگرام کے ہر روز، آپ کے لیے ایک کٹھ پتلی شو تحریر کیا گیا ہے جو کیملوٹ اور کیمیلیا کے درمیان ہوگا۔ آپ کے VBS کے دوران طالب علم ان اونٹوں کے بارے میں جان کر لُطف اندوز ہوں گے۔ ان دو کٹھ پُتلیوں کو تیار کرنے کے لیے ہم آپ کو ہدایات اور نمونہ جات فراہم کرنے کے لیے پُرجوش ہیں۔ آپ مختلف مواد استعمال کرنے کے لیے آزاد ہیں یاپھر آپ اپنے مقامی علاقے میں دستیاب مٹیریل جو مناسب قیمت پر دستیاب ہو ، کا انتخاب بھی کرسکتے ہیں۔

1. **وہ اشیاء اکٹھی کریں جن کی آپ کو ضرورت ہوگی**
   - قینچی
   - پنسل(کپڑے پر خاکہ یا ترتیب بنانے کے لیے)
   - گُلو (تیزی سے اثر کرنے والی گلو جو کپڑے پر استعمال کی جاسکتی ہو: سیلیکون یاہاٹ گُلو)
   - بھرائی کرنا یا روئی بھرنا ، کوٹ وغیرہ کی بھرائی کے لیے استعمال ہونے والا کپڑا زیادہ بہتر طور پر کام کرتا ہے، ½ میٹر
   - گتہ ( منہ کو مضبوط کرنے کے لیے)
   - سلائی کرنے والی سوئی جِس کی آنکھ (دھاگہ ڈالنے کے لیے سوراخ) بڑی ہو
   - کم وزنی سوت
   - چھوٹی بال نما ساختیں (پَف بالز)
   - اونٹ کے رنگ کا ایک میٹر موٹا نرم کپڑا
   - نصف میٹر سیاہ رنگ کا موٹا اور نرم کپڑا (ناک کے لیے سیاہ اور بھورے رنگ کا کپڑا)، سرخ رنگ کے موٹے اور نرم کپڑے کا ٹکڑا (منہ)، اور کانوں کے لیے گلابی رنگ کا نرم اور موٹا کپڑا

1. خاکہ جات یا ترتیب کی PDF فائل ڈاؤن لوڈ کریں اور 11×17 یا A3کے کاغذ پر دو کاپیاں (نقول ) پرنٹ کریں (یا پھر چھوٹے کاغذوں پر پرنٹ نکالیں اور انہیں آپس میں ٹیپ سے جوڑ دیں)۔ چھوٹے صفحہ کی ایک کاپی (نقل) پرنٹ کریں اور اس کے لیے لیٹر سائز یا A4سائز پیپر کا استعمال کریں۔
   - اُونٹ کے سَر کا خاکہ یا ترتیب
   - منہ کا خاکہ یا ترتیب
   - ناک کا خاکہ یا ترتیب
   - کانوں کا خاکہ یا ترتیب

اونٹ کا پُتلا بنانے کے لیے ضروری کپڑا خریدیں۔ ہم آپ کو یہی تجویز کرتے ہیں کہ موٹا اور نرم کپڑ ا استعمال کریں کیوں کہ یہ مضبوط ہوتا ہے اور گھِستا نہیں ہے۔ تاہم آپ ایسا کوئی بھی کپڑا استعمال کرسکتے ہیں جو آپ کے علاقے میں مناسب قیمت پر دستیاب ہو۔ ہم یہی تجویز کرتے ہیں کہ آپ سخت اور مضبوط کپڑا استعمال کریں۔

ذیل میں دی گئی کپڑے کی مقدار ایک اندازہ ہے، کپڑا خریدنے کے لیے جاتے ہوئے اپنے خاکہ جات یا ترتیب اپنے ساتھ سٹور پر لے جائیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ آپ نے کپڑے کی ضروری مقدار لی ہے۔

اُونٹ کے رنگ کا ہلکا بھورا یا خاکستری رنگ کا ایک میٹر کپڑا


سرخ کپڑا 1/8 میٹر

بھورا یا سیاہ کپڑا 1/8 میٹر (اگر ممکن ہوتو اس سے کم مقدار میں لیں)


سوت: ¼ پیکج بھورے رنگ میں (بالوں کے لیے استعمال کرنے کے لیے)۔

1/3 پیکج مختلف رنگوں کی حامل 13mm سائز کی گیندنما ساختیں (پف بالز)


# کٹھ پُتلی تیا ر کرنا




1. کپڑے کو اُونٹ کے جسم اور منہ کے لیے کاٹیں
   - اُونٹ کا جسم بنانے کے لیے کپڑے کے دو ٹکڑے کاٹیں
   - منہ کے لیے ایک ٹکڑا کاٹیں
2. سر بنانے کے لیے کاٹے گئے ٹکڑوں کی آپس میں سلائی کریں لیکن منہ اور زیریں حصہ کو بھی کھلا چھوڑدیں جس کے راستے آپ اپنا ہاتھ ڈالیں گے۔
3. منہ کے بالائی حصہ کو بنانے کے لیے کپڑے کے دو حصوں کو آپس میں سلائی کریں اور سیدھے کناروں کو کھلا چھوڑ دیں۔ منہ کے زیریں حصہ کے لیے بھی یہی طریقہ کار اختیار کریں۔ چھوٹے سیدھے کناروں کو سرکی سائیڈ پر موجود سوراخ کے اوپر سی دیں۔ لمبے کھلے کناروں کو منہ کے اندرونی حصہ کے لیے چھوڑ دیں۔



4. کپڑے کی اندرونی تہہ کو باہر رکھتے ہوئے، منہ کے لیے استعمال ہونے والے کپڑے کے ٹکڑوں کو کھولیں اور منہ کے لیے استعمال ہونے والے کپڑے کے سُرخ ٹکڑے کو منہ کے اندر پن کی مدد سے چھوڑ دیں۔ سرخ ٹکڑے کو اس طرح دوہر ا کریں کہ جہاں منہ کے کونے آپس میں جڑ کر درست اندازمیں کھلتے ہیں وہ سرخ کپڑا وہاں تک ہو۔ اب احتیاط کے ساتھ اس سرخ کپڑے کے گرد سلائی کردیں اور اسے سر کے ساتھ منسلک کردیں۔
5. سر کی دائیں جانب کو باہر کی طرف موڑیں تاکہ تمام سلائیاں اندر کی جانب ہوں۔ منہ کے اندر استعمال کے لیے کارڈ بورڈ (گتہ) کو کاٹیں۔ اگر آپ نالی دار گتے کا استعمال کررہے ہیں تو کوشش کریں کہ خاکہ کی چوڑائی نالیدار لائنوں پر نہ ہو کیوں کہ اس صورت میں وہ با آسانی مڑ جائے گا۔ گتہ کو دو حصوں میں کاٹیں اور بالائی حصہ کو ٹیپ کی مدد سے زیریں حصہ کے ساتھ جوڑ دیں اور ان کے درمیان 2cm کا گیپ چھوڑیں۔
6. بھرائی کے مواد کے دو ٹکڑے کاٹیں جن کی لمبائی تقریباً منہ کی لمبائی کے برابر ہو لیکن چوڑے اتنے ہوں کہ انہیں لپیٹ کر تنے کی طرح گول شکل دی جاسکے، ناک کے زیریں اور بالائی حصہ کی بھرائی ان دو ٹکڑوں سے کریں۔ بھرائی مواد اس مقدار میں استعمال کریں کہ ناک سخت ہوجائے۔ پُتلے کو چلاتے ہوئے آپ کے ہاتھ کو کارڈ بورڈ (گتہ) کو مَس کرنا چاہیئے۔ بھرائی کے مواد کا ایک اور بڑا ٹکڑا لے کرسر میں بھرائی کریں۔ اسے طاقت کے ساتھ سَر اور چہرے کی طرف دھونسیں اور کے کچھ حصہ کو گردن کی طرف آنے دیں۔ پُتلے کو چلاتے ہوئے آپ کا ہاتھ گردن کے سامنے اور منہ کے پہلے حصہ پر ہونا چاہیئے۔
7. اپنے ہاتھ کے گرد کئی میٹر سوت کو لپیٹیں اور انگلیوں کو سیدھا رکھیں تاکہ اسے اتارنا آسان رہے۔ اسے درمیان میں باندھیں اور اس کے بنے ہوئے دائروں کو پھیلائیں تاکہ بالوں کا ایک جُھنڈ بن جائے۔ اب اسے سیلیکون گلُو کی مدد سے سر کے بالائی حصہ کے ساتھ منسلک کردیں۔
8. اگر آنکھوں کی بھنویں بنانی ہیں (جیسا کہ ہم نے کیملوٹ کے لیے بنائی) تو اُونٹ کے رنگ کے کپڑے پر ان بھنوؤں کا خاکہ بنائیں اور اس لحاظ سے کپڑے کو کاٹیں۔ پہلے آنکھوں کو گلو کی مدد سے چہرے پر چپکائیں اور ان کے اُوپر بھنویں گلُوکی مدد سے جوڑیں اور اپنی اُنگلیوں کی مدد سے اُن کے درمیانی حصہ کو اٹھائیں تاکہ (آنکھیں اور بھنویں) چپٹی شکل میں نہ جڑیں۔ اگر آپ کیمیلیا بنا رہے ہیں ، تو آپ پلکیں بھی منسلک کرسکتے ہیں جو سیاہ رنگ کے موٹے کپڑے سے بنائی گئی ہوں یا خریدی گئی ہوں۔
9. کانوں کے فراہم کیے گئے خاکہ کی مدد سے بڑے کان بنائے جاسکتے ہیں یا پھر ان کی کانٹ چھانٹ کرکے چھوٹےکان بناسکتے ہیں۔ کیمیلیا کی طرح یہاں کانوں کے لیے گلابی رَنگ کا کپڑا بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ ہم نے کان کے بیرونی حصہ کے گرد گوند کی مدد سے کپڑا جوڑا تاکہ اُونٹ کے سیاہ رنگ کے کانوں کے کپڑا پر گلابی کپڑے کو جوڑنے پر یہ مزید بھرا ہوا نظر آئے اور طاقتور ہو۔ فیصلہ کریں کہ کانوں کو سر کے اوپر کس جگہ پر جوڑنا ہے اور آیا آپ انہیں چپٹی حالت میں دیکھنا چاہتے ہیں یا انہیں موڑ کر اونچا کرنا پسند کرتے ہیں۔ ان کو فوری طور پر جوڑنے کے لیے ہاٹ گلُو بہت بہتر طریقے سے کام کرتی ہے۔





10. کیمیلیا کے لیے ناک بناتے ہوئے سادہ سے طریقے سے چھوٹی ناک کے خاکہ کو سیاہ رنگ کے موٹے کپڑے پر کاٹ کر بنایا جاسکتا ہے اور دونوں (نتھنوں) کو اس کے چہرے کے ساتھ گلو کی مدد سے جوڑا جاسکتا ہے۔ کیملوٹ پُتلے کی ناک کے لیے ایک اور تہہ جو سیاہ رنگ کے نتھنوں کی شکل میں ہوتی ہے اور ناک کو ایک اضافی زاویہ دینے اور اسے بڑا دکھانے کے لیے تھی، شامل کی گئی تھی۔
11. کیمیلیا کا پٹہ (ہارنس) اور سجاوٹیں بنانے کے لیے سلائی کڑھائی میں استعمال ہونے والی سوت کو سوئی میں ڈالا اور کیمیلیا پر چھوٹی بال نما ساختوں کو اُس کے اُوپر سی دیا جاتا ہے اور اُن کے درمیان قدرے خلا رکھا جاتا ہے۔ ملبوسات کو دلکش انداز میں اس طرح سجائیں جو آپ کو خوشنما لگیں۔ بعد ازاں انہیں گلُو کی مدد سے جوڑیں۔ کیملوٹ پر گھنگھریالی پٹیاں لگانے کے لیے بھی یہی طریقہ کار اختیار کیا جاسکتا ہے۔ لٹکن یا جھالر بنانے کے لیے گھنگھریالی پٹیوں کو چار انگلیوں کے گرد لپیٹا گیا تھا اور پھر اسے انگلیوں سے اتار کر اس کے ایک کونے کو کئی بار لپیٹ کر مضبوط کیا گیا تھا۔ اس کے مخالف سرے کو کاٹ کر ایک رنگدارلٹکن یا جھالر بنائیں۔ اسے گلو کی مدد سے پٹی (ہارنس) کی مدد سے جوڑ دیں۔ یہ ہارنس (پٹہ) بھی ان گھنگھریالی پٹیوں سے بنا ہوا ہے جو آپ نے پُتلے کے ناک کے گرد لپیٹی تھیں۔
12. اپنے پتلے کی مناسبت سے آواز پیدا کرکے لُطف اندوز ہوں۔